عدالتوں اور فوجی نظم ونسق ، عیسائی حکومتوں ، بازنطینی شہنشاہوں اور یونانی بادشاہوں سے مسلم حکم رانوں کے سفارتی تعلقات، وہاں کی آبادی اور مختلف طبقات ،صنعت وحرفت ، زراعت،معدنیات اور تجارت، مسلمانوں کے ذریعہ مختلف علوم وفنون کے ارتقاء اور ان کے ذریعہ تعمیر کیے گئے قلعوں، مسجدوں، مشہور شہروں اور زندگی کے دیگر شعبوں میں ہوئی ترقی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔آخر میں اسپینی زبان وادب ،فنون لطیفہ اور تہذیب وتمدن پر اسلامی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

فاضل مصنف نے اس کتاب میں اسپین میں مسلمانوں کی علمی وسائنسی اور تہذیبی وتمدنی روایتوں کے نقوش کو بہ حسن وخوبی پیش کیا ہے۔خاص بات یہ ہے کہ انہوں نے اس موضوع پر دست یاب بنیادی اور ثانوی تمام مآخذ سے استفادہ کیا ہے۔بنیادی مآخذ میں مسلم اسپین پر تحریر کردہ عربی، انگریزی اور اسپینی کتابیں ان کے پیش نظر رہی ہیں۔اس سے کتاب کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔آخر میں اشاریہ بھی شامل ہے، جس سے قارئین کو مطلوبہ مواد تک پہنچنے میں آسانی ہوگی۔

امید ہے کہ اہلِ علم اور خاص کر تاریخ اسلامی سے دلچسپی رکھنے والے اس کتاب سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ (اسامہ شعیب)

عہد اورنگ زیب میں علماء کی خدمات ڈاکٹر علاؤالدین خاں

ناشر: البلاغ پبلی کیشنز، N-1 ، ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵، ۲۰۱۳ئ،صفحات ۲۷۴، قیمت -/۳۸۰روپے، لائبریری ایڈیشن ۴۸۰روپے

ہندوستان کا عہد وسطیٰ تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔اس دور کی تہذیب و تمدن کو پروان چڑھانے میں جہاں سلاطین وامراء اور سیاست دانوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، وہیں علماء ومشائخ اور صوفیہ کا بھی غیر معمولی کردار ہے۔انھوں نے عوام اور حکم رانوں سے دل چسپی لی، درس وتدریس کی مجلسیں آراستہ کیں اور دینی موضوعات پر کتابیں تصنیف کیں۔عہدِ وسطیٰ کی تاریخِ ہند پر یوں تو متعدد مراجع دست یاب ہیں، جن